DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس ملتان

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 12 شمارہ 105 | جمعۃ المبارک 24 محرم الحرام 1435ھ 29 نومبر 2013ء 15 مگھر 2070 ب صفحات 16 قیمت 12 روپے

# سرکاری سکول متعدد سہولتوں سے محروم ہیں، ڈاکٹر شہر یار

خانیوال (نمائندہ ایکسپریس) ادارہ برائے پائیدار ترقی کے زیر اہتمام سیمنار منعقد ہوا جس میں گورنمنٹ سکولز کے اساتذہ اور سول سوسائٹی کے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی سیمنار سے خطاب کرتے ادارہ پائیدار ترقی کے سی او ڈاکٹر شہر یار نے بتایا کہ ایک سروے کے مطابق والدین میں تعلیم کے بارے میں آگاہی نہ ہونے کے باعث تیس فیصد بچے آج بھی سکولوں میں جانے سے محروم ہیں، اور سرکاری سکولوں میں پینے کا صاف پانی اور باتھ روموں کی سہولتوں کا فقدان ہے جبکہ سرکاری سکولوں کے اساتذہ کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب کی جانب سے پولیو مہم اور یو پی ای پروگرام میں اساتذہ کو گھر گھر جا کر کام کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے سکولوں میں بچوں کی تعلیم متاثر ہوتی ہے۔ جبکہ اساتذہ کے ان مسائل کو حل کئے بغیر تعلیم کے نظام کو بہتر نہیں کیا جا سکتا۔ ایم پی اے نشاط احمد خان ڈاہا نے کہا کہ حکومت پنجاب ان مسائل کو جلد حل کرے گی اور آئندہ پانچ برسوں میں سکولوں میں حاضری سو فیصد تک ہو جائے گی۔ نگہت خالد نے کہا کہ سکولوں میں تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لئے محکمہ تعلیم کے افسران دن رات کوشاں ہیں۔



خانیوال: ایم پی اے نشاط ڈاہا، ڈاکٹر شہر یار اور نگہت خالد سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں